السنّة النبوية وعلومها
www.sunnah.global

اللہ بالغ عورت کی نماز بغیر دوپٹے کے قبول نہیں کرتا۔

عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ”اللہ بالغ عورت کی نماز بغیر دوپٹے کے قبول نہیں کرتا“۔

[صحیح] [اسے ابنِ ماجہ نے روایت کیا ہے۔ - اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے۔ - اسے امام ابو داؤد نے روایت کیا ہے۔ - اسے امام احمد نے روایت کیا ہے۔]

بالغ و عاقل عورت کے لیےجائز نہیں ہےکہ وہ بغیر دوپٹے کے نماز پڑھے،یعنی اپنے سر اور گردن کو کھول کر نماز پڑھے۔ اگر اس نے اس حالت میں نماز پڑھ لی،تو اسکی یہ نماز باطل ہوگی؛ کیونکہ آپ ﷺ کافرمان ہے: ”اللہ تعالی قبول نہیں فرماتا“ یہاں نفی قبول سے مراد نماز کی صحت اور اس کی ادائیگی کی نفی ہے۔ اس حدیث میں ”الحائض“ سے مراد وہ بالغ عورت ہے، جو سن حیض کو پہنچ چکی ہو اور اس میں بلوغت کی کوئی بھی علامت ظاہر ہو چکی ہو، یعنی حیض یا منی آ چکی ہو، اس کے زیر ناف بال اگ آئیں ہوں یا وہ پندرہ سال کی ہو گئی ہو۔ آپ ﷺ نے بلوغت کو حیض سے تعبیر کیا؛ کیوں کہ یہ عورتوں کے ساتھ خاص ہے اور عموما یہی (پہلے) ہوتا ہے، تاہم یہاں یہ ہر گز مقصود نہیں کہ وہ عورت حیض میں ہو؛ کیوں کہ حالت حیض میں تو عورت کو نماز پڑھنے سے منع کیا گیا ہے، جس کا ثبوت حدیث میں ہے اور علما کا اس پر اجماع ہے۔

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/10637

لجنة الدعوة الإلكترونية EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية ALNAJAT CHARITY